**ہنگامی صورت حال میں ریموٹ تدریسی منصوبہ** **تعلیمی سال 2023-24**

1. **وہ پالیسیاں اور طریقہ کار جن کے تحت کمپیوٹر آلات (ڈیوائس) طلبا کو فراہم کیے جائیں گے یا دیگر ذرائع جن کے ذریعے طلبا ہم آہنگ (synchronous) تدریس میں حصہ لے سکیں گے۔ہنگامی حالات میں آن لائن تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کی انٹرنیٹ تک رسائی یقینی بنانے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ کار۔**

**a. آلات تک رسائی**

محکمہ تعلیم کے پاس آلات تفویض کرنے کا طریقۂ کار موجود ہے اور یقینی بنایا جاتا ہے کہ جن طلبا کو ریموٹ تدریس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کوئی آلہ درکار ہے وہ اسے حاصل کر سکیں۔پرنسپل محکمۂ تعلیم کی اندرونی ویب سائٹ پر ریموٹ تدریس پرعارضی منتقلی کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر طالب علم (طلبا) کو مزید آلات درکارہیں، اسکول مرکزی سرمایہ کاری کے ذریعے ان آلات کی درخواست کر سکتے ہیں یا اگر محکمہ تعلیم کے پاس مرکزی انوینٹری میں کوئی آلہ باقی نہ رہے، انہیں آلات خریدنے کے لیے اسکول کے سرمایہ کی ضرورت ہوگی جس کے تحت محکمہ تعلیم کے موجودہ معاہدوں کے ذریعے آلات کی خریداری کی جائے گی یا طالب علم کے لیے آلے کے ایک قلیل مدتی قرضے کا اہتمام کیا جائے۔

2020 سے، طلبا اور اسکولوں کو تقریباً 550,000 آئی پیڈز اور 200,000 کروم بُکس طلبا کے استعمال کے لیے خرید کر تقسیم کی جا چکی ہیں۔NYCPS اُن طلباء کو آلات فراہم کرنا جاری رکھے گا جنہیں ان کی ضرورت ہے۔

**b. انٹرنیٹ تک رسائی**

نیویارک سٹی پبلک اسکولز کے پاس اسکولوں کی ہنگامی بندش کی صورت میں طلباء کو انٹرنیٹ تک رسائی فراہم کرنے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ کار موجود ہیں۔ جہاں تک ممکن ہوا، محکمۂ تعلیم گھر سے انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنے میں طلباء اور خاندانوں کی مدد کرے گا۔ جہاں یہ ممکن نہیں ہو گا، وہاں محکمۂ تعلیم طلباء اور خاندانوں کے لیے Wi-Fi رسائی پوائنٹس کو محفوظ بنانے کے لیے کمیونٹی پارٹنرز کے ساتھ کام کرے گا تاکہ وہ ریموٹ تدریس میں حصہ لے سکیں۔

محکمۂ تعلیم کے فراہم کردہ کچھ آلات کے لیے LTE سروس کم از کم دسمبر 2023 تک نافذ رہے گی۔ اس کے بعد، جو طلبا یہ آلات استعمال کر رہے ہیں انہیں چاہئیے کہ وائرلیس انٹرنیٹ سروس میں منتقل ہو جائیں۔ اسکولوں کو ہدایت کی جائے گی کہ اپنے طلبا کو اس تبدیلی کے بارے میں مطلع کریں، اور ان اہل خانہ کی معاونت کریں جو بلا قیمت یا کم قیمت والے کئی وائی فائی میں سے ایک تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

محکمہ تعلیم کا منصوبہ ہے کہ ڈیجیٹل اکویٹی خاندان کا سروے سے حاصل کردہ جوابات کو استعمال کرتے ہوئے اسکولوں کی ان خاندانوں کی نشاندہی کرنے میں مدد کی جائے جن کے پاس گھر پر وائی فائی کی سہولت نہیں ہے۔

محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ پرمتعدد، بلامعاوضہ یا کم لاگت کی دستیاب سروس کا خلاصہ موجود ہے جن کے ذریعے وائرلیس انٹرنیٹ سروس حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، نیویارک شہر بھر میں 200 سے زائد بے گھر افراد کی پناہ گاہیں ہیں جن کے پاس وائرلیس سروس موجود ہے اور Big Apple Connect یقینی بناتا ہے کہ NYCHA کے مکینوں کے پاس مفت، تیز رفتار اور محفوظ انٹرنیٹ تک رسائی ہو۔

اسکولوں کو ہدایت کی جائے گی کہ وہ خاندانوں کے ساتھ ان معلومات کو شئیر کریں اور ان کی اس انتخاب پر سائن اپ کرنے میں مدد کریں جو ان کے حالات کی مناسبت سب سے زیادہ موزوں ہوں۔ ہمیں امید ہے کہ وہ خاندان جن کے پاس گھر پر وائی فائی کی سہولت نہیں ہے ان انتخابات میں سے ایک کے ذریعے مفت یا کم قیمت وائی فائی حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اگر یہ انتخابات ممکن نہیں ہیں تو اسکول LTE قابل عمل وائرلیس ہاٹ اسپاٹ کو موجودہ محکمہ تعلیم کے معاہدوں کے ذریعے اگر موزوں ہوا، خرید کر ان خاندانوں کو فراہم کرے گا جنہیں اس کی ضرورت ہے۔

**2. ہنگامی صورت حال کے دوران ریموٹ تعلیم کے دن طلبا کے ہم آہنگ اور غیر ہم آہنگ تدریس پر صرف کردہ وقت کے تناسب پر عملے کے لیے توقعات، اس امید کے ساتھ وابستہ ہیں کہ غیر ہم آہنگ تدریس ہم آہنگ تدریس کے ساتھ ایک ضمنی تدریس ہے۔**

اسکول میں موجود اساتذہ اور متعلقہ خدمت فراہم کنندگان پر لازم ہے کہ محکمہ تعلیم کے ایک منظور کردہ پلیٹ فارم پر ڈیجیٹل کلاس روم ترتیب دیں اور اس کا لنک تمام تفویض کردہ طلبا کے ساتھ ہو۔اسکول بند ہونے کی صورت میں، اسکول کے اساتذہ اور دیگر لازمی سروس فراہم کنندگان کو اپنا محور ڈیجیٹل کلاس روم کے ذریعے ریموٹ ہم آہنگ (synchronous) تدریس پر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ملازمین لیبر پالیسی گائیڈنس ڈیجیٹل کلاس روم 2023-2024 کا جائزہ لے سکتے ہیں جو محکمۂ تعلیم کی اندرونی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

**3. اس بارے میں تفصیل کہ ان طلبا کو تعلیم کیسے دی جائے گی جنہیں ڈیجیٹل ٹیکنولوجی کے ذریعے ریموٹ تعلیم دستیاب نہیں ہے یا موزوں نہیں ہے۔**

اسکول ٹیکنولوجی پوائینٹس، اساتذہ اور معاون پیشہ وران حسب ضرورت ان خاندانوں سے یہ یقینی بنانے کے لیے رابطے میں رہیں کہ طلبا اپنے گھر پر موجود ٹیکنولوجی کے ذریعے تعلیم حاصل کرنے کے لیے لاگ اِن ہو سکتے ہیں۔ وہ طلبا جن کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنولوجی کے ذریعے ریموٹ تعلیم حاصل کرنا موزوں نہیں ہے، اساتذہ سے توقع کی جاتی ہے کہ طلبا کو گھر پر ایسا مواد بھیجیں جو ان کے لیے مانوس اور قابل رسائی ہو، جیسے کہ واضح کام کے پیکٹس، رد و بدل کرنے والے مواد، کتابیں، وغیرہ۔ ان مواد کو طلبا اور نگہداشت فراہم کنندگان غیرہم آہنگ ماحول میں استعمال کر سکتے ہیں۔ جہاں موزوں ہو، مکمل کلاس ہم آہنگ تدریسی پیریئڈز کے علاوہ کے سیشنز کے دوران اساتذہ طلبا کے ساتھ 1:1 بھی کام کر سکتے ہیں تاکہ جانی پہچانی کلاس روم حکمت عملیوں اور مواد کو استعمال کرنے میں طلبا کی مدد کریں اور / یا 1:1 معاون پیشہ وران کو بھی تفویض کر سکتے ہیں تاکہ ریموٹ لرننگ کے دوران مشق / سکھائی گئی صلاحیتوں میں تقویت لانے میں مدد کی جا سکے۔ اسکول ٹیکنولوجی پوائنٹس اہل خانہ کے ساتھ ایک کھلی رابطے کی لائن برقرار رکھیں گے تاکہ حسب ضرورت اہم ٹیکنیکل مسائل میں ان کی معاونت کر سکیں۔

**4. تفصیل کہ معذوری کے حامل طلبا اور معذوری کے حامل پری اسکول کے طلبا کو خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات کس طرح فراہم کی جائیں گی، جیسا کہ قابلِ اطلاق ہو، انکے انفرادی تعلیمی پروگرام کی مطابقت میں تاکہ ایک مفت مناسب سرکاری تعلیم کے طریقے کو جاری رکھنے کو یقینی بنایا جاسکے۔**

اساتذہ اور متعلقہ خدمات کے فراہم کنندگان سے توقع کی جاتی ہے کہ کسی ہنگامی صورت حال کی وجہ سے اسکول بند کے موقع پر آہنگ تدریس کو نکتئہ محور بنائیں۔ ملازمین لیبر پالیسی گائیڈنس ڈیجیٹل کلاس روم 2023-2024 کا جائزہ لے سکتے ہیں جو محکمۂ تعلیم کی اندرونی ویب سائٹ
پر دستیاب ہے۔

ان کے IEP کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوئے، معذوری کے حامل طلبا اور معذوری کے حامل پری اسکول کے طلبا کو ریموٹ لرننگ کے دوران ہم آہنگ تدریسی مواقع، انفرادی تدریسی سیشنز کے ایک مجموعے کے ذریعے خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات فراہم کی جائے گی تاکہ گھر پر مشغول رہنے کے لیے IEP کے ذریعے ملنے والی صلاحیتوں، حکمت عملیوں اور تدرسی کاموں کی مشق کر سکیں۔ متعلقہ خدمات کے فراہم کنندگان سے توقع کی جاتی ہے کہ طلبا کے ساتھ ریموٹ سیشنز کے ذریعے خدمت کا جتنا ممکن ہو بھرپور نظام الاوقات برقرار رکھیں۔ PT، OT اور گویائی خدمات فراہم کنندگان کو والدین کی جانب سے ایک اجازت نامہ درکار ہوگا تاکہ متعلقہ خدمات کو ریموٹلی فراہم کر سکیں۔ IEP اہداف ہر ریموٹ متعلقہ خدمات سیشن میں پورے کیے جاتے ہیں۔ اگر ریموٹ تعلیم کی ضرورت ایک طویل عرصے کے لیے ہے، متعلقہ خدمات کے فراہم کنندگان اہل خانہ اور طلبا کے ساتھ منظور شدہ رابطہ پلیٹ فارم پر مستقل بنیادوں پر قابل رسائی ہوں گے اور رابطے میں رہیں گے۔

**5. ان اسکول اضلاع کے لیے جو فاونڈیشن امداد وصول کرتے ہیں، اس چیپٹر کے سیکشن 175.5 کے تحت، ریاست سے امداد طلب کرنے کے مقاصد کے لیے ہنگامی صورت کی وجہ سے ریموٹ تعلیم میں گزارے ہوئے ہر دن کے گھنٹوں کی اندازاً تعداد۔**

ریموٹ تعلیم کے گھنٹوں کی تعداد اسکول میں فراہم کردہ تعلیم کے گھنٹوں کی تعداد کی عکاسی کریں گے۔ مکمل دن کے کنڈرگارٹن اور ایک سے چھ گریڈز کے متعلمین کے لیے، محکمہ تعلیم کا ارادہ فی دن 5 گھنٹے طلب کرنے کا ہے، اور 12-7 گریڈز کے طلبا کے لیے محکمہ تعلیم فی دن 5.5 گھنٹے طلب کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔